مطبُوعات

چراغِ راہ (کراچی) اسلامی قانون نمبر جلد اوّل و دوئم	مرتب: پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ قیمت جلد اوّل۔ چار روپے آٹھ آنے۔ صفحات ۳۸۴ قیمت جلد دوئم: تین روپے آٹھ آنے

صفحات۔ ۳۵۰۔ مقامِ اشاعت: دفتر چراغِ راہ، کراچی۔

اس ملک میں بعض اہم مراحل پر چراغِ راہ نے جو فکری اور علمی رہنمائی لوگوں کو دی ہے وہ کسی صاحبِ نظر سے پوشیدہ نہیں۔ اسی سلسلہ کی تازہ ترین پیش کش اسلامی قانون نمبر ہے۔ اس نمبر میں جو دو جلدوں پر مشتمل ہے تقریبًا وہ سارے مسائل آگئے ہیں جو اس ضمن میں سامنے آسکتے ہیں۔ اس نمبر کے لکھنے والوں میں اسلامی دنیا کی نامور شخصیتوں کے علاوہ بعض غیر مسلم اہلِ علم بھی شامل ہیں۔ کسی انسانی کوشش کو خواہ وہ کتنی ہی اچھی اور عمدہ ہو، آخری اور مکمل نہیں کہا جاسکتا یہی حال اس نمبر کا بھی ہے لیکن یہ بات بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ اردو میں اسلامی دستور پر کسی کتاب یا رسالہ میں آج تک اس قدر مواد جمع نہیں کیا گیا جتنا کہ اس میں موجود ہے۔ اس کامیاب کوشش کے لیے چراغ راہ کے اربابِ بست وکشاد اور خصوصًا اس کے نوجوان و فاضل مدیر جناب خورشید احمد بہت زیادہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔

مولانا مودودی اور تصوّف | مرتبہ مولانا ابو منظور شیخ احمد صاحب۔ ناشر: مکتبہ جہانِ نو سرگودھا۔

ضخامت ۱۰۴ صفحات۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ۔ طباعت کا معیار عمدہ۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی پر جو مختلف اعتراضات وقتًا فوقتًا کیے گئے ہیں اُن میں ایک بڑا اعتراض یہ بھی ہے کہ مولانا تصوّف کے کوچہ سے تو بالکل واقف نہیں۔ لیکن اس کی مخالفت خواہ مخواہ کرتے لگے ہیں۔ چونکہ اس اعتراض کو پیش کرنے والوں میں بعض بڑی واجب الاحترام شخصیتیں بھی ہیں اس لیے ضروری تھا کہ اس اعتراض کا جائزہ لیا جاتا۔ اسی اہم ضرورت کے پیشِ نظر مولانا ابو منظور شیخ احمد صاحب نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر تصوّف سے مراد